# کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

## نیلام عام برائے ڈیجیٹل سکرین

عوام الناس/ایڈورٹائزنگ فرموں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ ایریا راولپنڈی کینٹ میں درج ذیل مقامات پر ڈیجیٹل سکرین اور LED سکرین کی پہلے سے موجود بجلی کے کھمبوں (پولز) اور سپیس پارکنگ پر تنصیب کے ذریعے ایڈورٹائزنگ حقوق کا نیلام بوقت 12:00 بجے عرصہ تین سال کے لیے منعقد ہوگا جس کی تجدید دوسرے سال اور تیسرے سال 10 فیصد اضافے کے ساتھ ہوگی۔ اگر کسی وجہ سے بولی کا عمل مقررہ پہلی تاریخ کو مکمل نہ ہوسکا تو اسکی دوبارہ بولی دوسرے اور تیسری تاریخ کو اسی وقت اور مقام پر ہوگی۔

| نمبر شمار | لوکیشن/مقام | سائز | تقریباً تعداد | تاریخ نیلام |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ٹی ایم چوک سے جی پی او چوک مال روڈ | 6'x3' | 10 | 10,11,12 اگست 2022 |
| 2 | مری روڈ سے جی پی او چوک (حیدر روڈ) | 6'x3' | 16 | 17,18,19 اگست 2022 |
| 3 | جی پی او چوک سے محفوظ روڈ (حیدر روڈ) | 6'x3' | 18 | 24,25,26 اگست 2022 |
| 4 | LED پوٹھوہار پارکنگ (بینک روڈ) | 10'x20' | 01 | 31 اگست 2022, 1,2 ستمبر 2022 |

**شرائط وضوابط:**

1۔ نیلامی کی حتمی منظوری کی تاریخ سے برائے عرصہ 03 سال (مشروط اضافہ سالانہ بمطابق فیصلہ کینٹ بورڈ راولپنڈی) ہوگا اور سکرین منظوری کے بعد لگائی جائیں گی اور باقاعدہ HandingTaking ہوگی۔

2۔ بولی شروع ہونے سے پیشتر ہر بولی دہندہ کو مبلغ 10 لاکھ روپے کا پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی بطور ضمانت ہمراہ کارآمد شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروانا ہوگا۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا 1/4 حصہ بولی ختم ہونے کے فوراً بعد موقع پر ہی جمع کروانا ہوگا اور بولی کی منظوری کے بعد قبضہ لینے سے پہلے بولی کی رقم کے برابر ماہوار 11 ماہ کے پیشگی چیک بنام ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کینٹ جمع کروانے ہونگے۔

4۔ 1/4th رقم بطور سیکورٹی کنٹونمنٹ کے پاس رہے گی جو مدت معاہدہ کی تکمیل کے بعد حسابات Clear ہونے کے بعد واپس کردی جائے گی۔

5۔ کینٹ بورڈ کے نادہندگان بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ پر انکم ٹیکس کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے تحت ہوگا جو کہ پہلے سال کی مدت کے لیے انکم ٹیکس یکمشت پیشگی جمع کروانا ہوگا بصورت دیگر
کینٹ بورڈ کو حق حاصل ہوگا کہ بولی کی جمع شدہ رقم ضبط کرکے مذکورہ ڈیجیٹل سکرین دوبارہ نیلام کردیا جائے۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی حتمی منظوری کے بعد کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ اپنے خرچہ پر باقاعدہ تحریری معاہدہ کرنا ہوگا اور اس کو سب رجسٹرار سے رجسٹرڈ کروانا ہوگا۔ معاہدہ مذکورہ میں تفصیلی شرائط شامل کی جاسکیں گی۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ ڈیجیٹل سکرین کے محفوظ ہونے کا سرٹیفکیٹ دینے کا پابند ہوگا۔

9۔ سائیٹ کا قبضہ ایگریمنٹ کرنے کے بعد حوالے کیا جائے گا۔

10۔ زیردستخطی کو پیپرا رولز کے تحت کسی ایک یا تمام بولیوں کو (قبل از منظوری) مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

11۔ دیگر شرائط دفتری اوقات کار دفتر ہذا سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔

12۔ کسی بھی قسم کے تنازع کی صورت میں پریزیڈنٹ کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی ثالث ہوگا اور اس کا فیصلہ دونوں پارٹیوں پر من وعن لاگو ہوگا۔

13۔ کامیاب بولی دہندہ راولپنڈی کینٹ بورڈ کی کسی بھی قومی تہوار پر کی جانے والی تشہیری/آگاہی مہم یا کینٹ بورڈ کے اپنے اشتہارات کو فیس سے استثنیٰ دینے کا پابند ہوگا۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

051-9274406

UAN# 051-111-07-07-07

Scanned with CamScanner